
# سُورَةُ الْعَلَقِ

جما ہوا لہو

القرآن ٩٦:٠١-١٩




QuranincQuotes.com

ٱقْرَأْ بِٱسْمِ رَبِّكَ ٱلَّذِى خَلَقَ

پڑھیے اپنے اس رب کے نام سے جس نے پیدا
کیا۔

القرآن ٩٦:٠١




QuranincQuotes.com

خَلَقَ ٱلْإِنسَـٰنَ مِنْ عَلَقٍ

جس نے انسان کو جمے ہوئے لہو سے پیدا کیا.

القرآن ٩٦:٠٢




QuranincQuotes.com

ٱقْرَأْ وَرَبُّكَ ٱلْأَكْرَمُ

پڑھیے اور آپ کا ربّ بہت کریم ھے۔

القرآن ٩٦:٠٣




QuranincQuotes.com

ٱلَّذِى عَلَّمَ بِٱلْقَلَمِ

جس نے علم سکھایا قلم سے۔

القرآن ٩٦:٠۴




QuranincQuotes.com

عَلَّمَ ٱلْإِنسَـٰنَ مَا لَمْ يَعْلَمْ

انسان کو وہ علم دیا جسے وہ نہ جانتا تھا۔

القرآن ٩٦:٠٥




QuranincQuotes.com

كَلَّآ إِنَّ ٱلْإِنسَٰنَ لَيَطْغَىٰٓ

کوئی نہیں ! انسان سرکشی پر آمادہ ہو ہی جاتا ہے۔

القرآن ٩٦:٠٦




QuranincQuotes.com

أَن رَّءَاهُ ٱسْتَغْنَىٰٓ

اِس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو بے نیاز دیکھتا ھے

القرآن ۹۶:۰۷




QuranincQuotes.com

إِنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ ٱلرُّجْعَىٰٓ

یقینا تجھے اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

القرآن ٩٦:٠٨




QuranincQuotes.com

أَرَءَيْتَ ٱلَّذِى يَنْهَىٰ ٩

کیا تم نے دیکھا اس شخص کو جو روکتا ھے۔

القرآن ٩٦:٠٩




QuranincQuotes.com

عَبْدًا إِذَا صَلَّىٰٓ

ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھتا ھے۔

القرآن ٩٦:١٠




QuranincQuotes.com

أَرَءَيْتَ إِن كَانَ عَلَى ٱلْهُدَىٰٓ

کیا تم نے غور کیا اگر وہ شخص ہدایت پر ہوتا ؟

القرآن ٩٦:١١




QuranincQuotes.com

أَوْ أَمَرَ بِٱلتَّقْوَىٰٓ

یا پرہیزگاری کی تلقین کرتا ہو؟

القرآن ٩٦:١٢




QuranincQuotes.com

أَرَءَيْتَ إِن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰٓ

کیا تم نے سوچا کہ اس نے جو جھٹلایا ہے اور
منہ موڑ لیا ہے۔

القرآن ۹۶:۱۳




QuranincQuotes.com

أَلَمْ يَعْلَم بِأَنَّ ٱللَّهَ يَرَىٰ

کیا یہ جانتا نہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے !

القرآن ۹۶:۱۴




QuranincQuotes.com

كَلَّا لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعًۢا بِٱلنَّاصِيَةِ

ہرگز نہیں ! اگر یہ باز نہ آیا تو ہم گھسیٹیں
گے اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر۔

القرآن ٩٦:١٥




QuranincQuotes.com

نَاصِيَةٍ كَـٰذِبَةٍ خَاطِئَةٍ

وہ پیشانی کہ جو خطاکار ھے جھوٹی ھے۔

القرآن ٩٦:١٦




QuranincQuotes.com

فَلْيَدْعُ نَادِيَهُۥ

تو وہ بلا لے اپنی مجلس کے لوگوں کو۔

القرآن ٩٦:١٧




QuranincQuotes.com

سَنَدْعُ ٱلزَّبَانِيَةَ

ہم بھی بلا لیں گے جہنم کے فرشتوں کو۔

القرآن ٩٦:١٨




QuranincQuotes.com

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَٱسْجُدْ وَٱقْتَرِب ۩

کوئی بات نہیں ! آپ اس کی بات نہ مانیے آپ
سجدہ کیجیے اور (اللہ سے) قریب ہوجائیے !

القرآن ٩٦:١٩



QuranincQuotes.com